
Talha Tariq

## انواع الاعراب کتنے ہیں؟

وہ احوال جو معرب کلمات کے آخر میں آتے ہیں چار ہیں ① رفع ② نصب ③ جر ④ جزم انہیں انواع الاعراب کا نام دیا جاتا ہے۔

## قرانا الکتاب کی ترکیب کریں؟





## فعل ماضی مبنی علی الضم کب ہوتا ہے؟

جب فعل ماضی واو جمع کے ساتھ ملا ہوا ہو تو مبنی علی الضم ہوتا ہے۔

## کتنی چیزیں مبنی ہے نحو الواضح کی روشنی میں لکھیں؟

تمام حروف ۔ تمام فعل ماضی اور فعل امر مبنی ہوتے ہیں۔

## احب من یعلمنی کی ترکیب کریں؟





## اعتدل الجو میں اعتدل ماضی مبنی بر فتحہ ضمہ کسرہ ہے؟

اعتدل ماضی مبنی بر فتحہ ہے۔

## اعراب کی اصلی علامات کتنی اور کون کون سی ہیں؟

اعراب کی اصلی علامات چار ہیں ① ضمہ ② فتحہ ③ کسرہ ④ سکون

## یشتد الحر فی الصیف کی ترکیب کریں؟



فعل ماضی مبنی بر ضم سے کوئی ایک جملہ بنائیں؟

الرجال سبحو

الاولاد لعبو

یبنی الفعل المضارع علی الفتح ان اتصلت به نون التاکید ویبنی علی السکون ان اتصلت به نون النسوة کا ترجمہ کریں؟

فعل مضارع مبنی بر فتح ہوتا ہے جب نون تاکید سے ملا ہو اور مبنی بر سکون ہوتا ہے جب نون نسوہ سے ملا ہو۔

یفضل بعض سکنی القری علی سکنی المدن اس عبارت میں اسمائے مقصورہ تحریر کریں؟

(1) سکنی (2) قری

لفظ المصلی کو بطور مفعول جملہ بنائیں؟

غسل الرجل المصلی

حروف نواصب مضارع تحریر کریں؟

ان ۔ لن ۔ کی ۔ اذن ۔

ایک ایسا جملہ بنائیں جس میں لام جحود کے بعد ان مقدر ہو؟

ما کان الصادق لیکون صدیقا ۔ ما کان اللہ لیظلمهم

الافعال الخمسة ترفع بثبوت النون وتنصب وتجزم بحذفها کا ترجمہ کریں؟

افعال خمسہ مرفوع ہوتے ہیں ثبوت نون کے ساتھ اور منصوب و مجزوم نون کے حذف کے ساتھ ۔

فعل مضارع میں علامت تانیث کیا ہے؟

تاء متحرکہ کا شروع میں ہونا ۔

العامل کی جمع بنا کر مفید جملہ بنائیں؟

العمال یشتغلون

مجتهدة میں مناسب مبتداء لگا کر جملہ بنائیں؟

هندة مجتهدة ۔ فاطمة مجتهدة

يساعدون الفقراء جملے کے شروع میں مناسب ضمیر لگائیں؟

هم يساعدون الفقراء

ضمیر منصوب منفصل غائب کی تمام ضمیریں لکھیں؟

اياه - اياهما - اياهم - اياها - اياهما - اياهن

حضر من ساعدناه کی ترکیب کریں؟

حضر من ساعدناه

فعل هو فاعل اسم موصول فعل فاعل مفعول

جملہ فعلیہ

صلہ

مفعول

جملہ فعلیہ

کون کون سے حروف کے بعد ان مقدرہ ہوتا ہے وجوبی طور پر تمام کے نام لکھیں؟

① لام جحود کے بعد ② أو کے بعد ③ حتی کے بعد

④ فاء سببیت کے بعد ⑤ واو معیت کے بعد

یقرأ اور یخاف کے ساتھ واو جمع اور یاء مخاطبہ (مذکر و مؤنث) لگا کر جملہ بنائیں؟

الرجال یقرؤون -

المسلمات تقرئین

مفازة - محمود - تاجر - فلاح - مصباح - صفحہ - مسجد - اسیر - یقرأ کی جمع لکھیں

مفازات - احمدة - تجار - فلاحون - مصابیح

صفحات - مساجد - اسرى - یقرأت

جاء اللذان نابا کی ترکیب کریں؟

جاء اللذان نابا

فعل اسم موصول فعل هما فاعل

جملہ فعلیہ صلہ

فاعل

جملہ فعلیہ

**الفی معتل الآخر کون سی قسم ہے؟**

الفی فعل معتل الآخر الف کے ساتھ ہے۔

**ذئب کو فعل معتل الآخر کا فاعل بنائیں؟**

رأى الذئب

**دعا، صفا، رمی کا فعل مضارع بنائیں؟**

یدعو۔ یصفو۔ یرمی

**الدراجۃ مسرعۃ میں الدراجۃ معرب کیوں ہے؟**

لفظ الدراجۃ معرب ہے اس لیے کہ اس کا آخر بدلتا رہتا ہے

وہ الفاظ جن کا آخر تمام ترکیب میں بدلتا رہتا ہے اسم معرب کہلاتے ہیں؟

**معرب کی تعریف عربی میں تحریر کریں؟**

وما یتغیر آخرہ و یسمی معربا۔

**کم کے آخر کو سکون لازم ہونے کی وجہ سے کیا کہا جائے گا؟**

مبنی بر سکون کہا جائے گا

**الطائر یحوم میں الطائر مرفوع کیا ہے؟**

الطائر مبتدا ہے مبتدا ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے

**ایک ایسا جملہ بنائیں جس میں القطار حالت رفعی میں ہو؟**

جاء القطار۔

**ایسے تین جملے بنائیں جس میں ماضی مبنی بر فتح ہو؟**

ضرب زید   جلس زید   قرأ زید

**یطبخ کو مبنی بر فتح بنا کر جملہ میں استعمال کریں؟**

طبخ زید لحما   طبخ بکر خبزا

**اسم مقصور کی تعریف عربی میں تحریر کریں؟**

ھو کل اسم معرب آخرہ الف لازمۃ۔

ہر وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف لازم ہو۔

اسم منقوص کا تینوں حالتوں میں کیا اعراب ہوگا؟

اسم منقوص کی حالت رفعی میں ضمہ اور حالت جری میں کسرہ تقدیری ہوتا ہے اور حالت نصبی میں فتحہ لفظی ہوتا ہے

جلست لأستریح میں لام کون سا ہے؟

اس میں "لام" لام تعلیل کا ہے۔

ایک ایسا جملہ بنائیں جس میں لام جحود کے بعد ان مقدرہ ہو؟

ما کان الصدیق لیخون صدیقه

ما کان الله لیظلمهم

فعل کو جزم دینے والے کوئی سے تین حروف لکھیں؟

لم ۔ لائے نہی ۔ ان شرطیہ

التثنیة کی تعریف عربی میں تحریر کریں؟

ما دل علی شیئین اثنین لزیادة الف ونون او یاء ونون فی آخرہ۔

فعل ماضی میں علامت تانیث کیا ہے؟

فعل ماضی میں علامت تانیث تاء ساکنہ کا آخر میں ہونا

القلم کی خبر لاکر جملہ بنائیں؟

القلم رخیص ۔ القلم جدید

علم کسے کہتے ہیں؟

وہ اسم معرفہ جو کسی شخص، مکان، حیوان یا اس کے علاوہ کسی چیز کا نام ہو

معرب کلمات کے آخر کے احوال کون کون سے ہیں اور ان احوال کو کس نام سے جانا جاتا ہے

رفع نصب جر جزم

لا تحزن الحیوان کی ترکیب کریں ؟

لا تحزن الحیوان

فعل انت فاعل مفعول

جملہ فعلیہ

یاکل یفتح کے ساتھ الف تثنیہ (مذکر و مونث) دونوں لگا کر جملہ بنائیں ؟

هما یاکلان — هما تاکلان

هما یفتحان — هما تفتحان

نجوم بساتین مومنات بحار کا مفرد بنا کر جملہ بنائیں ؟

رایت نجم — رایت بستان

رایت مومنة — رایت بحر

زرت الحدیقة الحیوان انا و بعض اصدقائی فراینا فیها کثیرا من الناس قد اجتمعوا امام الاسد وهو جالس کانه الملک المتوج کے ضمیریں نکال کر اس کا محل اعراب بتائیں ؟

1. زرت = تاء متکلم مرفوع فاعل
2. انا = مرفوع
3. اصدقائی = یاء متکلم مجرور بالاضافت
4. راینا = نا فاعل مرفوع
5. فیها = من جار ها مبتدا
6. هو = مرفوع مبتدا

فعل صحیح الآخر کی تعریف کریں؟
وہ فعل جس کا آخر میں حرف علت نہ ہو
کلمہ "القلم" معرب ہے دو جملوں میں استعمال کر کے اس کا معرب ہونا ثابت کریں؟
اشتری القلمُ ۔ رایت القلمَ
پہلے مثال میں لفظ القلم مرفوع دوسری میں منصوب ہے ہر وہ لفظ جس کا آخر بدل رہا ہے اسے معرب کہتے ہیں۔ اسی مثال میں القلم کا آخر بدل رہا ہے عامل کے بدلنے کی وجہ سے۔
فتحت الباب میں ماضی مبنی برسے ہے؟
مبنی بر سکون ہے
تنامین سے فعل امر واحد مؤنث بنائیں؟
~~...~~
نامی
رضی کون سا صیغہ ہے؟
رضی فعل ماضی معتل الآخر ہے
سقط الندی علی الازھار مذکورہ جملے میں جار مجرور کا متعلق پہچانیے
جار مجرور کا متعلق سقط ہے۔
لم یبق فیعفن مضارع منصوب کیوں؟
فاء سببیہ کی وجہ سے۔
من یفرط فی الاکل یتخم یفرط یتخم فعل مضارع کا کیا اعراب ہے؟
مضارع کا اعراب مجزوم ہے اور یہ شرط و جزاء ہے
جمع کی تعریف کریں؟
وہ لفظ جو دو سے زیادہ پر دلالت کرے۔

**نخب المجتہدین کا ترجمہ کریں؟**

ہم محنت کرنے والوں کو پسند کرتے ہیں

**تثنیہ کی حالت جری کیسے آتی ہے؟**

نون مکسور یا ساکن کے ساتھ

**کافأت الفائزات مذکورہ عبارت کی ترکیب کریں**

کافأت الفائزات

فعل ماضی فاعل مفعول

جملہ فعلیہ

**ضمیر منفصل کی تعریف کریں؟**

وہ ضمیر جو اکیلی بولی جاتی ہے دوسرے کلمہ سے ملے بغیر۔

**ضمیر مستتر کی تعریف کریں؟**

وہ ضمیر جو فعل سے ملی ہوئی ہو اور اس کے وہ لفظوں میں ظاہر نہ ہو۔

**صلہ کا کس چیز پر مشتمل ہونا ضروری ہے**

صلہ میں ایسی ضمیر کا ہونا ضروری ہے جو اسم موصول کی طرف لوٹتا اور اسے نام دیا جاتا ہے عائد کا۔

**نائب الفاعل کی تعریف کریں**

وہ اسم مرفوع جو فاعل کی جگہ آتا ہے فاعل کو حذف کرنے کے بعد۔

**اسماء خمسہ کون سے ہیں؟**

اب، اخ، فم، ذو، حم

## مفعول مطلق کی تعریف کریں؟

مفعول مطلق وہ اسم ہے جو لفظاً یا معناً فعل کے مطابق ہوتا ہے اور فعل کے ساتھ اس کی تاکید یا بیان نوع یا اظہار عدد کیلئے آتا ہے۔

## مبنی علی السکون کے دو جملے بنائیں؟

فتحت الباب ۔ ذھبت زید

اکلت الطعام ۔

## فعل مضارع معروف کے تین جملے بنائیں؟

یضرب زید ۔ یدرس زید

یکرم زید ۔ یفتح الباب

## پانچ ادوات شرط لکھیں؟

ان ۔ اذما ۔ حیثما ۔ کیفما ۔ أنّی

## مضاف اور مضاف الیہ کی تعریف لکھیں؟

مضاف وہ اسم جس کی دوسرے اسم کی طرف نسبت کی گئی ہو مضاف اس نسبت کے ساتھ معرفہ ہوتا ہے یا نکرہ مخصوصہ۔

مضاف مضاف الیہ وہ جو مضاف کے بعد آتا ہے اور وہ مجرور ہوتا ہے۔

مضاف کے نون کو حذف کر دیا جاتا ہے جب یہ تثنیہ یا جمع مذکر سالم کا صیغہ ہو۔

مضاف کی تنوین کو حذف کر دیا جاتا ہے اضافت کے وقت جب اس لیے تنوین ہو

## اباہ عالج الطبیب کی ترکیب کریں؟

اباہ عالج الطبیب

مفعول ۔ فعل ۔ فاعل

جملہ فعلیہ